روزے کے دوران عورت کو انٹرنل الٹراساؤنڈ کروانا کیسا؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا روزے میں ایک عورت گائنا کالوجسٹ کے پاس جاسکتی ہے یہ ایسی ڈاکٹر ہوتی ہے جو انٹرنل الٹراساؤنڈ کر کے بچہ کی پیدائش کے معاملات کو دیکھتی ہے۔ انٹرنل الٹراساؤنڈ میں ڈاکٹر عورت کی شرمگاہ کے اندر کچھ آلات ڈال کر چیک کرتی ہے۔ایسا کرنے سے روزہ تو نہیں ٹوٹےگا۔

سائل: حارث فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگرڈاکٹر انٹرنل الٹراساؤنڈ کے دوران آلات پر کوئی دوائی یا کوئی مائع شی لگائے بغیر یعنی خشک آلات عورت کی شرمگاہ میں داخل کرتی ہے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ ان خشک آلات کا ایک سرا باہر ہوتا ہے اور دوسرا اندر تو یہ مکمل طور پر اندر داخل ہونا نہیں ہے لہذا اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا اور ہاں اگر کوئی آلہ غلطی سے مکمل طور پر شرمگاہ میں چلا گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گااور اسی طرح اگران آلات پر کوئی دوائی یا کوئی مائع چیز لگا کر اندر داخل کیا گیا تو تری کے اندر پہنچتے ہیں روزہ ٹوٹ جائے گا۔

درمختار میں ہے:"**أَدْخَلَ عُودًاوَنَحْوَهُ فِي مَقْعَدَتِهِ وَطَرَفُهُ خَارِجٌ وَإِنْ غَيَّبَهُ فَسَدَ**:اگر کسی نے پاخانے کے مقام کے اندر کوئی لکڑی یا اس جیسی کوئی چیز ڈالی اور اس کا ایک سر ا باہر تھا تو روزہ نہیں ٹوٹا اور اگر وہ پوری اندر چلی گئی کہ دوسرا سرابھی اندرغائب ہوگیا تو روزہ ٹوٹ گیا ۔

(الدرالمختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۲۳ و "الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصوم، الباب الرابع فیما یفسد وما لا یفسد، ج۱، ص۲۰۴)

اور درمختار میں ہی ہے:**أَوْ أَدْخَلَ أُصْبُعَهُ الْيَابِسَةَ فِيهِ أَيْ دُبُرِهِ أَوْ فَرْجِهَا وَلَوْ مُبْتَلَّةً فَسَدَ**"خشک انگلی پاخانہ یا عورت کی اگلی شر مگاہ کے مقام میں رکھی تو روزہ نہ ٹوٹا اور اگر انگلی تر تھی تو روزہ ٹوٹ گیا۔

(الدرالمختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۲۳)

اور بہار شریعت میں ہے کہ کوئی چیز پاخانہ کے مقام میں رکھی، اگر اس کا دوسرا سرا باہر رہا تو نہیں ٹوٹا، ورنہ جاتا رہا لیکن اگر وہ تر ہے اور اس کی رطوبت اندر پہنچی تو مطلقاً جاتا رہا، یہی حکم شرم گاہ زن کا ہے، شرمگاہ سے مراد اس باب میں فرج داخل ہے۔

(بہار شریعت ج1 حصہ 5 ص 986)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

WOMEN HAVING INTERNAL ULTRA SOUND WHILST FASTING

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: can a woman refer herself to a gynaecologist whilst she is fasting? This a doctor who uses internal ultrasound to examine matters related to the birth of the child. Internal ultrasound requires the doctor to insert medical tools into the private part of a woman; this does not invalidate the fast.

Questioner: Haris from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللهم ھدایۃَ الحَق والصواب

If the doctor does not apply medicine or any liquid substance to the medical tools that will be inserted into the private part during this process, then the fast will not be nullified. This is because one part of the apparatus enters and one part does not; it does not enter completely. Therefore, the fast will not break due to this. But, if by mistake, it completely enters the private part, the fast will break. Likewise, if the doctor applies any medicine or liquid substance to the tools and inserts it, the fast will be nullified.

It is cited in al-Durr al-Mukhtār:

أَدْخَلَ عُودًاوَنَحْوَهُ فِي مَقْعَدَتِهِ وَطَرَفُهُ خَارِجٌ وَإِنْ غَيَّبَهُ فَسَدَ

If someone inserts a rod or anything of the sort into the back passage and one end of it does not enter, the fast will not break. If it enters completely such that the other end is no longer visible, then the fast will break.

[al-Durr al-Mukhtār chapter of Fasting and Fatawa Hindiyyah]

It is also mentioned in al-Durr al-Mukhtār:

أَوْ أَدْخَلَ أُصْبُعَهُ الْيَابِسَةَ فِيهِ أَيْ دُبُرِهِ أَوْ فَرْجِهَا وَلَوْ مُبْتَلَّةً فَسَدَ

The insertion of a dry finger into the back passage or into the private part of a woman does not break the fast. If the finger was wet, then it will become invalidated.

[al-Durr al-Mukhtār, chapter of Fasting]

It is stated in Bahār-e-Shari’at that when something is placed into the back passage, if the other end has not entered, the fast does not break. But if the object is wet and that moisture enters, then the fast has broken. This ruling also applies to the private part of woman. “Private part” in this chapter refers to the female reproductive organ.

[Bahare Shari’at vol.1, part.5, page 986]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Dawud Hanif